روح اخبار

—— بھاگلپور ڈسٹرکٹ کے کچھ گاؤں پر ایک لاکھ نوے ہزار روپے کا اجتماعی جرمانہ کیا گیا ہے (انجام ۲/۱۲ء)

—— مظفرپور، سارن، دربھنگہ اور پورنیہ اضلاع کے مختلف مقامات پر ۳ لاکھ ایک ہزار روپیہ مجموعی جرمانہ کیا گیا ہے ان میں سے ضلع مظفرپور کے چند علاقوں پر ۷۰۰۹ء روپیہ اور ضلع سارن کے علاقہ پر ۱۰۵۵ روپیہ مجموعی جرمانہ کیا گیا ہے (〃)

—— آسام میں تمام ڈسٹرکٹ مجسٹریٹوں کو اختیار دیا گیا ہے کہ وہ ان تمام ریڈیو سیٹوں پر قبضہ کر سکتے ہیں جن کے متعلق انہیں معلوم ہو کہ وہ ناپسندیدہ مقاصد کے لئے استعمال کئے جاتے ہیں۔ (انقلاب ۱/۱۲ء)

—— حال ہی میں پٹنہ میں ایک دعویٰ دائر کیا گیا تھا جس میں کہا گیا تھا کہ ملزم اپنے آپ کو آزاد حکومت کے افسر ظاہر کرتے ہیں۔ انھوں نے ڈھول پیٹ کر عوام کو اطلاع دی ہے کہ برطانیہ کا راج ختم ہو گیا ہے اور سوراج قائم ہو گیا ہے۔ انھوں نے اعلان کیا تھا کہ جو شخص ان کے احکام کی خلاف ورزی کریگے انہیں سزائے موت دیجائیگی وہ لوگوں سے ٹیکس وصول کرتے اور اگر کوئی شخص ادا نہ کرتا تو اس پر حملہ کر کے اس کا گھر لوٹ لیتے (〃)

—— بنگال چیمبر آف کامرس نے اپنی ممبر فرموں کے نام ایک سرکلر جاری کیا ہے جس میں ہدایت کی گئی ہے کہ کاغذ کے استعمال میں زیادہ سے زیادہ کفایت شعاری سے کام لیا جائے۔ کارآمد کاغذات ردی کی ٹوکری میں نہ پھینکدیے جائیں کوئی کاغذات جلائے نہ جائیں۔ ردی کی ٹوکری کو روزانہ غور سے دیکھ لیا جائے کہ اس میں کوئی کارآمد کاغذ تو نہیں رہ گیا ہے (〃)

—— پونا میں ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ نے ڈیفنس رولز کے ماتحت پٹاخوں اور دوسری آتشبازی کو فروخت کرنے کی ممانعت کردی ہے اس حکم کا نفاذ شہر اور ضلع پونا میں ہوگا (〃)

—— بنگال کے بعض اضلاع میں ایک ایسے طوفان بادوباراں کی وجہ سے جو ۱۶ اکتوبر کی صبح کو شروع ہوا اور ۱۷ اکتوبر کی صبح تک جاری رہا۔ لوگوں کو شدید ترین جانی مالی نقصانات برداشت کرنے پڑے۔ صرف ضلع مدناپور میں تقریباً دس ہزار اور ضلع چوبیس پرگنہ میں ایک ہزار آدمی ہلاک ہوئے۔ مویشیوں کی ہلاکت کی صورت میں جو نقصان پہنچا ہے وہ انسانی وجانی نقصانات سے کئی گنا زیادہ ہے۔ اندازہ ہے کہ ۷۵ فیصدی مویشی ہلاک ہوگئے۔ مذکورہ بالا انکشاف حکومت بنگال نے اپنے ایک سرکاری اعلان میں کیا ہے (انقلاب ۵/۱۲ء)

—— الہ آباد میں کئی ریڈیو سیٹوں کی ضبطی کے احکام جاری ہو چکے ہیں۔ (انجام ۸/۱۲ء)

—— شہری لوگوں کیلئے چیزیں مہیا کرنے کے لئے حکومت آسام نے ایک کروڑ ۶ لاکھ ۴۳ ہزار روپے کے کپڑے اور سامان خورد ونوش اس سال میں خرید کیا ہے۔

منیجر

جناب شیخ عطاء الرحمن صاحب پرنٹر و پبلشر نے ... پریس دہلی میں چھپوا کر دفتر رسالہ محدث ... دہلی سے شائع کیا